تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس کے بارے میں معلومات

تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس (PPT)

تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس (جسے اکثر اختصار کے ساتھ PPT یا PP-tjenesten کہا جاتا ہے) بلدیہ یا کاؤنٹی میونسپلٹی (fylkeskommune)کے تحت ایک مشاورتی سروس ہے۔ اس کا مقصد ان بچوں، نوجوانوں اور بالغ افراد کی مدد کرنا ہے جنہیں نشوونما کے مسائل ہوں یا جن کی تعلیمی صورتحال مشکل ہو۔

اس سروس کے کاموں میں یہ بھی شامل ہے کہ بارنے ہاگر (چھوٹے بچوں کے نگہداشتی مراکز) اور سکولوں کو ان بچوں/طالبعلموں کیلئے موزوں انتظامات کرنے کیلئے مشورہ و رہنمائی دے جنہیں ایسے انتظامات کی ضرورت ہو۔

تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس کا کام ہے کہ خصوصی ضروریات رکھنے والے طالبعلموں کی تعلیم کا بہتر انتظام کرنے کیلئے سکولوں کو مدد دے۔

اس سروس پر رازداری کی پابندی ہے۔ بچے/طالبعلم کے بارے میں معلومات کو عام نہیں کیا جا سکتا اور والدین کی منظوری کے بغیریہ معلومات آگے کسی کو نہیں دی جاتیں۔ بچے/طالبعلم کے بارے میں معلومات کو ڈاٹا پروٹیکشن اتھارٹی (Datatilsynet) کی ہدایات کے مطابق ایک الگ ریکارڈ بک/فائل میں محفوظ رکھا جاتا ہے۔

تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس کیا کرتی ہے؟

تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس ان بچوں، نوجوانوں اور بالغوں کی کیفیت کی رپورٹ تیار کرتی ہے اور مشورہ و رہنمائی مہیا کرتی ہے جنہیں ان مسائل کا سامنا ہو

- زبان اور بولنے کے مسائل
- سیکھنے کے عمومی مسائل یا مضامین کے حوالے سے مسائل
- پڑھنے اور لکھنے میں مسائل
- حساب کے حوالے سے مسائل
- توجہ برقرار رکھنے میں مسائل
- سوشل اور جذباتی مسائل
- رویّے کے مسائل
- نظر اور سماعت کے مسائل

آپ بحیثیت والد/والدہ تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟

سروس سے رابطہ کرنے سے پہلے آپ کو ہیلتھ سٹیشن/بارنے ہاگے/سکول کے ساتھ بچے کے بارے میں اپنی تشویش پر بات کرنی چاہیئے۔ 15 سال سے زیادہ عمر کے طالبعلم بھی سروس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ سروس ان بالغ افراد کی مدد بھی کر سکتی ہے جو پرائمری یا ہائی سکول کی تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہوں۔

افراد کے ساتھ ساتھ ادارے (بارنے ہاگے، سکول اور دوسرے ادارے) بھی اپنا نام خفیہ رکھتے ہوئےتعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس سے رابطہ کر کے مشورہ مانگ سکتے ہیں۔

اگر تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس سے مزید مدد لینا ضروری ہو تو بچے/طالبعلم کا کیس سروس کے پاس بھیجا جا سکتا ہے۔ سروس کے پاس کیس بھیجنے (Henvisning)کیلئے بالعموم ایک ریفرل فارم استعمال کیا جاتا ہے، اپنی بلدیہ/کاؤنٹی میونسپلٹی کا ویب سائیٹ دیکھیں۔ ریفرل فارم مکمل کر نے میں مدد لینے کیلئے بارنے ہاگے/سکول سے رابطہ کریں۔

دوسرے جو تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس کے پاس کیس بھیج سکتے ہیں:

- بارنے باگے، سکول اور تعلیم بالغاں کا ادارہ
- ہیلتھ سٹیشن اور ہسپتال، اگر بچہ/طالبعلم 15 سال سے کم عمر کا ہو تو والدین سے اجازت حاصل کر کے۔

طالبعلم یا والدین تقاضا کر سکتے ہیں کہ سکول یہ پتہ چلانےکیلئے ضروری ٹیسٹ کرے کہ آیا طالبعلم کو خصوصی تعلیم کی ضرورت ہے اور اگر جواب ہاں میں ہو تو کس قسم کی تعلیم کی ضرورت ہے۔

تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس کس طرح کام کرتی ہے؟

تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس بارنے باگے اور سکول کے تعاون سے کام کرتے ہوئے بچے/طالبعلم کے امکانات کے مطابق موزوں پیشکش مہیا کرتی ہے۔ اس سروس میں کیسوں پر کارروائی کو تین مرحلوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

1. ***کیفیت کی رپورٹ***

جب تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس کو ایک کیس/اطلاع ملے تو عام طور پر یہ پتہ کیا جاتا ہے کہ والدین، بارنے باگےیا سکول کے تعاون سے، کس سلسلے میں مدد چاہتے ہیں۔ بات چیت/انٹرویو، مشاہدے اور ٹیسٹنگ کے ذریعے سروس اس بارے میں زیادہ سے زیادہ مکمل معلومات حاصل کر لیتی ہے کہ بچے/طالبعلم کے امکانات اور ضروریات کیا ہیں۔ اس رپورٹ کیلئے معلومات حاصل کرنے کا کام بارنے باگے، سکول یا سروس کے دفتر میں ہوتا ہے۔

2. ***ماہرانہ رائے / مشورہ***

کیفیت کی رپورٹ کی بنیاد پر تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس ایک ماہرانہ رائے (تحریری رپورٹ) تیار کرتی ہے اور ضرورت ہونے پر بچے/طالبعلم کے امکانات کو پیش نظر رکھتے ہوئے بارنے باگے یا تعلیمی ادارے میں موزوں انتظامات تجویز کرتی ہے۔ سروس ماہرانہ مشورہ دیتی ہے۔ عام ترین معاملات یہ ہوتے ہیں: سکول کی عمر سے چھوٹے بچوں کے سلسلے میں تعلیم کیلئے خصوصی مدد اور سکول کے طالبعلموں کے سلسلے میں خصوصی تعلیم کے بارے میں رائے۔

3. ***آئندہ خبرگیری***

تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس والدین/بارنے باگے کے عملے اور سکول کے اساتذہ کیلئے مشورے/رہنمائی کی صورت میں آئندہ خبرگیری کر سکتی ہے۔ سروس طالبعلم کو سہارا دینے کیلئے بات چیت کر سکتی ہے اور اگر ضرورت ہو تو آگے کسی اور ادارے کے پاس کیس بھیجنے پر غور کر سکتی ہے۔

تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس کا کام 'قانون تعلیم' کی بنیاد پر ہوتا ہے جس کی مندرجہ ذیل دفعات قابل ذکر ہیں:

1 -5 § خصوصی تعلیم کا حق

5-3 § ماہرانہ رائے

5-4 § خصوصی تعلیم کے فیصلے کے سلسلے میں کیس پر کارروائی

5-6 § تعلیمی و نفسیاتی کاؤنسلنگ سروس

5-7 § تعلیم لازمی ہونے کی عمر سے پہلے تعلیم کیلئے خصوصی مدد